Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ ذی الحجہ سنہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۸ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء	جلد ۳۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
	رخصت صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری بہادر	۱
	تقرر محمد علی خاں بجا محافظ خانہ دیوانی	۲
	مستقلی آغا نواب محافظ دفتر دیوانی	"
	رخصت نثار احمد امین	"
	اضافہ جات متعلقہ ڈپارٹمنٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر	"

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت سسٹم

۲۴ اگست سنہ ۱۹۱۹ء

منظوری بندگان عالی حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم ۔ رخصت یک ماہ منشی سید محمود حسن صاحب اسسٹنٹ ریونیو سکریٹری دہتم بندوبست بغرض معالجہ منظور کی گئی ۔ ایام رخصت صاحب موصوف میں معمولی کام ناظم صاحب و حاکم صاحب صدر سرانجام کرینگے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۰ ر اگست ۱۹۱۹ء

نوازش علیخان بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کی جگہ محافظ خانہ دیوانی میں خالی ہے اِس اسامی پر تقرر کی منظوری اجلاس ہمایوں سے نسبت محمد علی خان ولد مولوی شفیع خان ساکن رامپور صادر ہوگئی ہے۔ لہذا تقرر محمد علیخان مذکور کا عوض اسامی محافظ خانہ دیوانی پر بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار کیا جاتا ہے۔ روز حاضری اور کارکردگی سے محمد علیخان کو تنخواہ ملیگی جسکی منظوری شامل روبکار ہذا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مستقلی
۲۰ ر اگست ۱۹۱۹ء

بمنظوری اجلاس ہمایوں حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم مرقومہ ۲۸ ر اگست ۱۹۱۹ء محمد آقا نواب بجائے محمد اکبر متوفی محافظ دفتر دیوانی بمشاہرہ تیس روپیہ ماہوار مستقل کئے گئے۔ پانچ روپیہ ماہوار الاونس جو محمد آقا نواب کو دوران عارضی تقرری کی حالت میں ملتا تھا، نہیں ملیگا۔

رخصت
۲۰ ر اگست ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ مفتی صاحب عدالت دیوانی، رخصت ۱۶ سولہا یوم نثار احمد امین عدالت مذکور ۱۰ ر ستمبر ۱۹۱۹ء سے منظور کی گئی۔ مفتی صاحب کار امین حسب رائے خود اپنی عدالت کے کسی اہلکار کے سپرد کردینگے۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۰ ر اگست ۱۹۱۹ء

بتقریب جشن سالگرہ بندگان عالی دام اقبالہم ملازمان ذیل کا یکم ستمبر ۱۹۱۹ء سے اضافہ کیا جاتا ہے

فوجداری ضلع ۔ شکیل احمد، انوار حسین، و احمد سعید خان اہلمدان کی تنخواہ میں دو دو روپیہ ماہوار، اور رشید حسن بیگ اہلمد و ابرار حسین محرر محافظ خانہ فوجداری کی تنخواہ میں ایک ایک روپیہ ماہوار اضافہ۔

دیوانی ۔ حشمت علی خان اہلمد نمبری و مظہر حسین خان و محمد رضا خان اہلمدان پیشی کی تنخواہ میں دو دو روپیہ ماہوار اضافہ۔

رجسٹری صدر ۔ محفوظ اللہ محرر رجسٹری صدر کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ

مفصلات ۔ شیخ غیاث الدین محرر جوڈیشل تحصیل سوار و شیخ علی حسین محرر جوڈیشل تحصیل ٹانک کی تنخواہ میں دو دو روپیہ ماہوار اضافہ۔

واٹر ورکس ۔ گلن خان نائب فیر و مراد علی فائر مین و بشیر احمد کلرک کی تنخواہ میں دو دو روپیہ ماہوار و لڈن خان نائب فیر کی تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ کفایت اللہ خان چپراسی دیوانی و گلن خان و ابراہیم خان مذکوریان دیوانی و حسن رضا خان و چھٹن خان مذکوریان جج کی تنخواہ میں آٹھ آٹھ آنہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا صیغہ جات متعلق کو احکام ضابطہ جاری ہوں۔

جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ ریاست رامپور نمبر ۳

مورخہ ۵ ستمبر ۱۹۱۹ء ۳۱

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتداء ۳۰ اگست لغایت ۵ ستمبر ۱۹۱۹ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۳۰ اگست ۱۹۱۹ء یوم شنبہ	۰	۱۹۸	۰	۱۵۸	۰	۱۶۶	۴	۱۸۶	۳	۱۲۵	۰	۱۸۱
۳۱ ,, ,, ,, یک شنبہ	۰	۱۹۸	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۸۶	۰	۱۹۵	۰	۱۸۱
یکم ستمبر ,, ,, دوشنبہ	۰	۱۹۸	۰	,,	۰	,,	۰	۱۹۴	۰	۱۶۳	۰	۱۸۱
۲ ,, ,, ,, ,, سہ شنبہ	۴	۲۰۲	۰	,,	۰	,,	۰	۱۹۴	۳	۱۶۶	۰	۱۸۱
۳ ,, ,, ,, ,, چہار شنبہ	۰	۲۰۲	۰	,,	۰	,,	۰	۱۹۴	۹	۱۸۷	۰	۱۸۱
۴ ,, ,, ,, ,, پنجشنبہ	۳۲	۲۳۴	۰	,,	۱۴	۱۸۰	۴	۱۹۸	۳۵	۲۰۱	۱۰	۲۰۹
۵ ,, ,, ,, ,, جمعہ	۳۷	۲۷۱	۰	,,	۰	نقشہ نہیں آیا	۱۵	۲۱۳	۴	۲۲۵	۳۵	۲۴۴

نقشہ ترخانہ اجناس نہیں آیا